نقش اول سے موسوم ہے۔ جو دعا کی فضیلت و اہمیت پر مرتب فرمایا ہے۔ ابتداء میں قرآن و حدیث کی روشنی میں دعا کی ضرورت و اہمیت پر بحث کی ہے۔ اس کے بعد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے شبانہ روز معمول کے ادعیہ (ماثورات) نقل کئے ہیں۔

اس کتاب کا انتساب بھی اپنے شیخ و استاد حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب کے نام کیا گیا ہے طباعت معیاری ہے اور قیمت معقول۔ تحریر سلیس اور آسان ہے ادنیٰ تعلیم والے بھی اس سے آسانی سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں

پتہ۔ دارالعلوم عربیہ خضریہ۔ محلہ پراچگان بھیرہ۔ (ع۔ق۔ح)

**شفاء القلوب فی رد الشرک والشکوک** | از جناب قاری عبدالمجید صاحب بن سردار خان مہمند صفحات ۸۰۰ قیمت درج نہیں، پتہ مدرسہ انوار الاسلام مکی مسجد کیہال، ایبٹ آباد

اسلام کے تین بنیادی عقائد میں توحید سب سے مقدم اور کلمہ اسلام کا پہلا جزء ہے۔ توحید کا اثبات اور رد شرک قرآن کا بنیادی مضمون ہے۔ انبیاء کرام کی بعثت کا مقصد بھی یہی رہا۔ حضورؐ کے بعد آپ کے صحابہ، تابعین اور ائمہ امت، سب نے اپنے اپنے ادوار میں عقیدہ توحید کی تبلیغ کی۔ ہندوستان میں دارالعلوم دیوبند علوم دین۔ رد شرک اور اشاعت توحید کا زبردست کردار ادا کر رہا ہے جناب قاری عبدالمجید صاحب بھی اسی گلشن کے خوشہ چین ہیں۔ حجاز مقدس میں رہتے ہوئے بھی پاک و ہند کے مسلمانوں کی خیرخواہی اور اشاعت توحید کا مخلصانہ جذبہ ہے۔ ۸۰۰ صفحات کی عظیم کتاب لکھ دی ہے۔ مولانا سعید الرحمن صاحب علوی کی کوشش سے کتاب زیور طباعت سے آراستہ ہو چکی ہے انداز تحریر سادہ شستہ اور دلنشیں ہے۔ زبان عام فہم اور آسان ہے۔ کتاب کا مضمون کتاب کے نام سے عیاں ہے استدلال اور تفہیم میں زیادہ تر قرآنی آیات، ان کا سلیس ترجمہ اور آسان تشریح پر اکتفا کیا گیا ہے۔ اور یہی کتاب کی اہم خوبی ہے۔ دعوت و تبلیغ کا کام کرنے والوں، خطیبوں اور عام پڑھے لکھے دوستوں، سب کے لئے یکساں طور پر مفید ہے۔ (ع۔ق۔ح)

مؤتمر المصنفین کی ایک تازہ تاریخی پیشکش
قادیان سے اسرائیل تک
تالیف و اشاعت ——— مؤتمر المصنفین
"قادیانیت مذہبی سے زیادہ ایک اسلام دشمن سامراجی سیاسی تنظیم ہے۔ برطانوی سامراج اور یہودی صیہونیت نے اس سیاسی تحریک کو عالم اسلام کے خلاف کیسے استعمال کیا؟ اسرائیل کے قیام میں اس کا کردار کیا تھا؟ ایسے تمام مخفی گوشوں کا بے لاگ جائزہ۔ مستند اور مدلل انداز میں تحقیقی جائزہ"
کتاب کے تیرہ ابواب کی ایک جھلک ہر باب کئی ذیلی عنوانات پر مشتمل ہے
۱۔ سیاسی تحریک مذہبی بہروپ ۵۔ سیاست اور قادیانی ۹۔ ملی استعمار کے گماشتے
۲۔ یہودی مسیح موعود ۶۔ مرزا محمود کی لندن یاترا ۱۰۔ جنگ عظیم اور قادیانی تحریک کا کردار
۳۔ سامراجی صیہونی آلہ کار ۷۔ لندن منصوبے کی تکمیل ۱۱۔ تحریک پاکستان اور قادیان
۴۔ حکیم نورالدین کا دور ۸۔ نئے تبلیغی نئے فتنے ۱۲۔ اقوام متحدہ اور مسئلہ فلسطین
۱۳۔ یہودی ریاست کے سائے میں
بلاشبہ اس موضوع پر پہلی ایسی مستند اور محققانہ کتاب
صدہا قادیانی غیر قادیانی اور یہودی ماخذ کو کھنگالا گیا ہے
آج ہی طلب فرمائیں ——— تبلیغ کے لئے دس نسخے طلب کرنے والوں کو ۳۳ فی صد رعایت۔
قیمت ۲۵/ روپیہ، صفحات: ۲۲۴، کاغذ: عمدہ، طباعت: آفسٹ
مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور
پاکستان


© rasailojaraid.com